رہنمائے دکن

2 3 DEC 2021

راشٹریہ سہارا

## ''جنوبی ایشیاء میں سماجی علوم''

## مانو میں قومی اردو سماجی علوم کانگریس۔ مقالہ نگاروں کو اطلاع

حیدرآباد،22/دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اسکول برائے فنون و سماجی علوم کے زیر اہتمام پانچویں قومی اردو سماجی علوم کانگریس 2022 کا 2اور 3/فروری کو آن لائن اہتمام کیا جارہا ہے۔کانگریس کا موضوع ''جنوبی ایشیاء میں سماجی علوم'' رکھا گیا ہے۔پروفیسر فریدہ صدیقی، ڈین، اسکول برائے فنون وسماجی علوم و کنوینر کانگریس نے بتایا کہ مذکورہ کانگریس کے انعقاد میں اردو یونیورسٹی میں سماجی علوم کے آٹھ شعبہ جات کے علاوہ تین سنٹرز، البیرونی مرکز برائے سماجی اخراجیت واشتمالی پالیسی، ہارون خان شیروانی مرکز برائے مطالعات دکن اور مرکز برائے مطالعات نسواں حصہ لے رہے ہیں۔کانگریس کے ذیلی عنوانات میں، جنوبی ایشیا میں تانیثیت: نئی تحدیدات اور مذاکرات، جنوبی ایشیا میں نظم ونسق عامہ، مابعد کورونا کے پس منظر میں سوشل ورک کو در پیش چیلنجز اور امکانات، جنوبی ایشیا میں اسلامک اسٹڈیز: رجحانات اور امکانات، جنوبی ایشیا میں تاریخی تحقیق میں ہونے والی نئی تبدیلیاں، جنوبی ایشیا میں وباء اور سیاست، جنوبی ایشیا میں اقتصادی ترقی: کووڈ وباء کے تناظر میں، جنوبی ایشیا میں نقل مکانی اور ثقافتی تبادلہ شامل ہیں۔ڈاکٹر کنیز زہرہ، شریک کنوینر کانگریس کے بموجب مقالے صرف اردو (ان پیج یا یونیکوڈ) میں جمع کیے جانے چاہئیں۔مقالہ کی تلخیص داخل کرنے کی آخری تاریخ 5/جنوری 2022 ہے۔تلخیص کے انتخاب کی معلومات 7/جنوری تک دے دی جائے گی۔مکمل مقالہ داخل کرنے کی آخری تاریخ 25/جنوری رکھی گئی ہے۔مقالے کے ساتھ مقالہ نگار اپنا مکمل نام، پتہ اور رابطہ کی تمام تفصیلات فراہم کریں۔تلخیص اور مقالے ای میل nusscmanuu@gmail.com پر بھیجے جاسکتے ہیں۔آن لائن رجسٹریشن فارم یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب رہے گا۔کانگریس کا لنک رجسٹرڈ شدہ شرکاء کو ہی فراہم کیا جائے گا۔مزید تفصیلات فون نمبرات 9848248946 یا ای میل nusscmanuu@gmail.com سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

RD


## 'جنوبی ایشیاء میں سماجی علوم'

## مانو میں قومی اردو سماجی علوم کانگریس۔ مقالہ نگاروں کو اطلاع

**حیدرآباد۔(پریس نوٹ)** مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اسکول برائے فنون وسماجی علوم کے زیر اہتمام پانچویں قومی اردو سماجی علوم کانگریس 2022 کا 2اور 3/فروری کو آن لائن اہتمام کیا جارہا ہے۔کانگریس کا موضوع ''جنوبی ایشیاء میں سماجی علوم'' رکھا گیا ہے۔ پروفیسر فریدہ صدیقی، ڈین، اسکول برائے فنون وسماجی علوم و کنوینر کانگریس نے بتایا کہ مذکورہ کانگریس کے انعقاد میں اردو یونیورسٹی میں سماجی علوم کے آٹھ شعبہ جات کے علاوہ تین سنٹرز، البیرونی مرکز برائے سماجی اخراجیت واشتمالی پالیسی، ہارون خان شیروانی مرکز برائے مطالعاتِ دکن اور مرکز برائے مطالعاتِ نسواں حصہ لے رہے ہیں۔کانگریس کے ذیلی عنوانات میں، جنوبی ایشیا میں تانیثیت: نئی تحدیدات اور مذاکرات، جنوبی ایشیا میں نظم ونسق عامہ، مابعد کورونا کے پس منظر میں سوشل ورک کو در پیش چیلنجز اور امکانات، جنوبی ایشیا میں اسلامک اسٹڈیز: رجحانات اور امکانات، جنوبی ایشیا میں تاریخی تحقیق میں ہونے والی نئی تبدیلیاں، جنوبی ایشیا میں وباء اور سیاست، جنوبی ایشیا میں اقتصادی ترقی: کووڈ وباء کے تناظر میں، جنوبی ایشیا میں نقلِ مکانی اور ثقافتی تبادلہ شامل ہیں۔ڈاکٹر کنیز زہرہ، شریک کنوینر کانگریس کے بموجب مقالے صرف اردو (ان پیج یا یونیکوڈ) میں جمع کیے جانے چاہئیں۔مقالہ کی تلخیص داخل کرنے کی آخری تاریخ 5/جنوری 2022 ہے۔تلخیص کے انتخاب کی معلومات 7/جنوری تک دے دی جائیگی۔مکمل مقالہ داخل کرنے کی آخری تاریخ 25/جنوری رکھی گئی ہے۔مقالے کے ساتھ مقالہ نگار اپنا مکمل نام، پتہ اور رابطہ کی تمام تفصیلات فراہم کریں۔تلخیص اور مقالے ای میل nusscmanuu@gmail.com پر بھیجے جاسکتے ہیں۔آن لائن رجسٹریشن فارم یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب رہے گا۔کانگریس کا لنک رجسٹرڈ شدہ شرکاء کو ہی فراہم کیا جائے گا۔مزید تفصیلات فون نمبرات 9848248946 یا ای میل nusscmanuu@gmail.com سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔


RS

The Hans India

HYDERABAD THURSDAY 23 DECEMBER 2021 5

# MANUU to host 5th National Urdu Social Sciences Congress

HANS NEWS SERVICE
HYDERABAD

THE School of Arts and Social Sciences (SA&SS) of Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is organising the fifth National Urdu Social Science Congress-2022 online on February 2 and 3, 2022. The theme is "Social Sciences in South Asia".

According to Prof. Farida Siddiqui, convenor and dean, SA&SS, in addition to eight departments of the school, Al-Berui Centre for the Study of Social Exclusion & Inclusive Policy (ACSSEIP), Haroon Khan Sherwani Centre for Deccan Studies (HKCDS) and the Centre for Women's Studies are participating.

The sub-themes are - Feminism in South Asia: Negotiating New Terrains, Public Administration in South Asia, Post-Covid Scenario and Social Work: Challenges and Prospects, Pandemic & Politics in South Asia, Islamic Studies in South Asia: Trends & Possibilities, New Developments in Historical Research in South Asia, Migration & Cultural Exchange in South Asia, Post- Pandemic Growth in South Asia

According to Dr. Kaneez Zehra, co-convenor, papers should be written in Urdu (inpage/unicode) only. Interested participants can submit abstracts to nusscmanuu@gmail.com till January 5, 2022. They would be informed about acceptance of the abstracts by January 7. The last date for submission of complete papers is January 25. The online registration form is available at website manuu.edu.in. Online link of the congress will be provided to the registered participants only. For details, interested persons may contact 98482-48946; email: nusscmanuu@gmail.com.

رہنمائے دکن

23 DEC 2021

# اُردو یونیورسٹی میں پروفیسر عین الحسن کے ہاتھوں شاپنگ کمپلیکس کا افتتاح

حیدرآباد، 22ر دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں مابعد کووڈ معمول کے حالات کی بحالی کے ایک اقدام کے طور پر کل شام شاپنگ کمپلیکس کا پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ شاپنگ کمپلیکس کا خواب یہاں کے لوگوں نے دیکھا تھا اور کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی نے انتہائی تیزی کے ساتھ اس کا آغاز کردیا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں پر ہم لوگ خیالات کا تبادلہ کرسکتے ہیں، اپنی تحقیق پر گفتگو کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کرکٹر محمد اظہر الدین کے حالیہ دورے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سابق کرکٹ کپتان نے اردو یونیورسٹی میں بہتر سہولیات کے ساتھ کرکٹ گراؤنڈ کی تیاری کی پیشکش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلد ہی اس کے لیے زمین کی نشاندہی کردی جائے گی، جہاں یونیورسٹی کے طلبہ کو بہترین کوچنگ اور پریکٹس کا موقع رہے گا۔ یہاں پر مستقبل میں آئی پی ایل کی پریکٹس بھی ہوسکتی ہے۔ جس سے طلبہ کو بہتر مواقع دستیاب ہوں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر نشین کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی نے خیر مقدم کیا اور شاپنگ کمپلیکس کو کارکرد بنانے میں وائس چانسلر کی شخصی دلچسپی اور ترجیح کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، کنوینر کمیٹی نے اظہار تشکر کیا اور بطور خاص انہوں نے شاپنگ کمپلیکس کی بحالی کے لیے انجینئرنگ سیکشن، اسٹیٹ سیکشن سیکوریٹی و دیگر صیغہ جات کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر فریاد نے بتایا کہ کمپلیکس میں طلبہ کے لیے مختلف اشیاء اور خدمات نہایت رعایتی قیمت پر دستیاب ہوں گی اور کمیٹی معیار پر بھی نظر رکھے گی۔ اس موقع پر مانو ڈرامہ کلب کے طلبہ نے جناب معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر کی ہدایت میں صفائی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے ایک دلچسپ نکڑ ناٹک پیش کیا۔ ابتداء میں پروفیسر عین الحسن نے ایک یادگار پودہ بھی لگایا۔ محترمہ بیگم عین الحسن بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی کے دیگر اراکین ڈاکٹر جمال الدین خان، جناب محمد فصیح الدین، ڈاکٹر سید حماد ہاشمی، ڈاکٹر ایم اے قدوس، جناب پی حبیب اللہ، جناب محمد شاہنواز قریشی اور جناب سید سرفراز علی بھی موجود تھے۔ بڑی



تعداد میں طلبہ، اساتذہ اور غیر تدریسی عملہ نے افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ شاپنگ کمپلیکس میں اسٹیشنری، آفس مارٹ، گراسری اور پروویژنس، سیلون، لیڈیز ٹیلر، بیوٹی پارلر، فوڈ زون اور کیفیٹیریا وغیرہ جیسی سہولتیں دستیاب ہیں۔

RD

Telangana Today

# Shopping complex set up at MANUU

CITY BUREAU
Hyderabad

Maulana Azad National Urdu University (MANUU) Vice Chancellor, Prof. Syed Ainul Hasan inaugurated the shopping complex on the MANUU campus here on Tuesday. The complex was opened to facilitate the needs of staff, students and residents of staff quarters.

Speaking on the occasion, Prof. Ainul Hassan said this was an important development for the MANUU fraternity in the post Covid days. The Campus Development Committee started the process of opening a shopping complex on war footing and in a short time it was completed successfully, he said.

**Azhar's assurance**

Referring to the recent visit of Hyderabad Cricket Association president, Mohd Azharuddin, Prof. Ainul Hasan said the former Indian cricket team captain assured to develop a cricket ground with better facilities on the campus.

"Space will be identified and there will be an opportunity for the best coaching and practice for our students," he said, adding that the facility might be used for IPL practice too in the future opening new opportunities for the students.

TT

راشٹریہ سہارا

2 3 DEC 2021

# اُردو یونیورسٹی میں شاپنگ کمپلیکس کا افتتاح

**حیدرآباد۔ (پریس نوٹ)** مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں مابعد کووڈ معمول کے حالات کی بحالی کے ایک اقدام کے طور پر کل شام شاپنگ کمپلیکس کا پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ شاپنگ کمپلیکس کا خواب یہاں کے لوگوں نے دیکھا تھا اور کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی نے انتہائی تیزی کے ساتھ اس کا آغاز کردیا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں پر ہم لوگ خیالات کا تبادلہ



کرسکتے ہیں، اپنی تحقیق پر گفتگو کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کرکٹر محمد اظہر الدین کے حالیہ دورے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سابق کرکٹ کپتان نے اردو یونیورسٹی میں بہتر سہولیات کیساتھ کرکٹ گراؤنڈ کی تیاری کی پیشکش کی ہے۔ جلد ہی اس کے لیے زمین کی نشاندہی کردی جائیگی، جہاں یونیورسٹی کے طلبہ کو بہترین کوچنگ اور پریکٹس کا موقع رہیگا۔ یہاں پر مستقبل میں آئی پی ایل کی پریکٹس بھی ہوسکتی ہے۔ جس سے طلبہ کو بہتر مواقع دستیاب ہوں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر نشین کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی نے خیر مقدم کیا اور شاپنگ کمپلیکس کو کارکرد بنانے میں وائس چانسلر کی شخصی دلچسپی اور ترجیح کا شکریہ ادا کیا۔ کمپلیکس میں طلبہ کے لیے مختلف اشیاء اور خدمات نہایت رعایتی قیمت پر دستیاب ہوں گی اور کمیٹی معیار پر بھی نظر رکھے گی۔ اس موقع پر مانو ڈرامہ کلب کے طلبہ نے جناب معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر کی ہدایت میں صفائی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے ایک دلچسپ نکڑ ناٹک پیش کیا۔ ابتداء میں پروفیسر عین الحسن نے ایک یادگار پودہ بھی لگایا۔ محترمہ بیگم عین الحسن بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی کے دیگر اراکین ڈاکٹر جمال الدین خان، جناب محمد فصیح الدین، ڈاکٹر سید حماد ہاشمی، ڈاکٹر ایم اے قدوس، جناب پی حبیب اللہ، جناب محمد شاہنواز قریشی اور جناب سید سرفراز علی بھی موجود تھے۔ بڑی تعداد میں طلبہ، اساتذہ اور غیر تدریسی عملہ نے افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔

Rs

منصف

# مانو میں پروفیسر عین الحسن کے ہاتھوں شاپنگ کامپلکس کا افتتاح



حیدرآباد، 22/دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں پر کل شام شاپنگ کامپلکس کا پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شاپنگ کامپلکس کا خواب یہاں کے لوگوں نے دیکھا تھا اور کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی نے انتہائی تیزی کے ساتھ اس کا آغاز کردیا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں پر ہم لوگ خیالات کا تبادلہ کرسکتے ہیں، اپنی تحقیق پر گفتگو کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کرکٹر محمد اظہر الدین کے حالیہ دورے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سابق کرکٹ کپتان نے اردو یونیورسٹی میں بہتر سہولیات کے ساتھ کرکٹ گراؤنڈ کی تیاری کی پیشکش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلد ہی اس کے لیے زمین کی نشاندہی کردی جائے گی، جہاں یونیورسٹی کے طلبہ کو بہترین کوچنگ اور پریکٹس کا موقع رہے گا۔ یہاں پر مستقبل میں آئی پی ایل کی پریکٹس بھی ہوسکتی ہے۔ جس سے طلبہ کو بہتر مواقع دستیاب ہوں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر نشین کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی نے خیر مقدم کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، کنوینر کمیٹی نے اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر مانو ڈرامہ کلب کے طلبہ نے معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر کی ہدایت میں صفائی کی اہمیت پر دلچسپ نکڑ ناٹک پیش کیا۔ ابتداء میں پروفیسر عین الحسن نے ایک یادگار پودا بھی لگایا۔ بیگم عین الحسن بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ کیمپس ڈیولپمنٹ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر جمال الدین خان، محمد فصیح الدین، ڈاکٹر سید حماد ہاشمی، ڈاکٹر ایم اے قدوس، پی حبیب اللہ، محمد شاہنواز قریشی اور سید سرفراز علی بھی موجود تھے۔

Sakshi

# 'మను'లో భవనం ప్రారంభం

**గచ్చిబౌలి, న్యూస్‌టుడే:** గచ్చిబౌలిలోని మౌలానా ఆజాద్ నేషనల్ ఉర్దూ యూనివర్సిటీ(మను) క్యాంపస్‌లో కొత్తగా నిర్మించిన షాపింగ్ కాంప్లెక్స్ భవనాన్ని బుధవారం ఉపకులపతి ఆచార్య సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ ప్రారంభించారు. ఈ సందర్భంగా మాట్లాడుతూ విద్యార్థులు, అధ్యాపకులకు అవసరమైన మౌలిక వసతుల కల్పనకు అన్ని చర్యలు తీసుకుంటున్నట్లు తెలిపారు. త్వరలోనే క్రికెట్ మైదానం అభివృద్ధి పనులు ప్రారంభించనున్నట్లు చెప్పారు. ఈ కార్యక్రమంలో క్యాంపస్ డెవలప్‌మెంట్ కమిటీ చైర్‌పర్సన్ ప్రొఫెసర్ అజీజ్‌బానో, ప్రొఫెసర్ ఫర్యాద్ పాల్గొన్నారు. E



భవనాన్ని ప్రారంభిస్తున్న వీసీ సయ్యద్ ఐనుల్

Aurangabad Times 23-12-2021

# نارساں تک رسائی کے لیے دینی مدارس کی اہمیت

## نظامت فاصلاتی تعلیم، مانو کا ورکشاپ۔ پروفیسر عین الحسن و دیگر کے خطاب

حیدرآباد: ۲۲ دسمبر (پریس نوٹ) نارساؤں اور مراعات سے محروم لوگوں تک رسائی کے لیے دینی مدارس کی بڑی اہمیت ہے اور انہیں تعلیم کے مرکزی دھارے میں لانے کی ضرورت ہے۔ اس خیال کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آج نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام دو روزہ اورینٹیشن۔کم۔ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ یہ ورکشاپ یونیورسٹی کے ریجنل اور اسسٹنٹ ریجنل ڈائرکٹرز کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر عین الحسن نے اپنے فکر انگیز خطاب میں تعلیم کے پھیلاؤ کے لیے طلبہ سے اور ایک دوسرے سے رابطے میں رہنے پر زور دیا۔ انہوں نے شرکا کو مسائل کے حل کے لیے اظہار خیال اور مباحثہ کا مشورہ دیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ نظامت کے ساتھ ساتھ اس کے علاقائی اور ذیلی علاقائی مراکز کو مضبوط بنایا جائے گا اور اسے قابل رسائی اور طلبہ دوست بنایا جائے گا۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرو



وائس چانسلر نے اپنی تقریر میں ''نظامت فاصلاتی تعلیم'' اور ''شعبہ امتحانات'' کو کسی بھی یونیورسٹی کی دو اہم اکائیاں قرار دیا، اور یونیورسٹی کی ترقی کے لیے ان دونوں کو ایک مضبوط سطح پر لے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے مشورہ دیا کہ تعلیم کے معیار پر سمجھوتے کیے بغیر ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آڈیو ویڈیو لیکچرز کو نظامت کے تمام طلبہ کے لیے اضافی ذریعہ کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پروفیسر رضا اللہ خان، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم نے اپنے افتتاحی کلمات اور خطبہ استقبالیہ میں امید ظاہر کی کہ مانو کے تمام متعلقہ افراد کی مشترکہ کاوشوں کے ذریعہ کووڈ وبا کے پیش نظر درپیش مسائل کو حل کرنے بالخصوص نظامت اور بالعموم تعلیم کے شعبے کو مدد ملے گی۔ نئے طلبہ معاون مراکز (LSE) اور انتظامی یونٹس کے قیام میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے، پروفیسر خان نے بتایا کہ نظامت کی ویب سائٹ پر حال ہی میں 10 سے زیادہ کتابوں کا الکٹرانک خود اکتسابی مواد

Hindustan Aurangabad 23-12-2021

# نارساؤں تک رسائی کے لیے دینی مدارس کی اہمیت، نظامت فاصلاتی تعلیم

## مانو کا ورکشاپ وائس چانسلر پروفیسر عین الحسن و دیگر کے خطابات

حیدرآباد: نارساؤں اور مراعات سے محروم لوگوں تک رسائی کے لیے دینی مدارس کی بڑی اہمیت ہے اور انہیں تعلیم کے مرکزی دھارے میں لانے کی ضرورت ہے۔ اس خیال کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام منعقدہ دو روزہ اورینٹیشن-کم-ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ یہ ورکشاپ یونیورسٹی کے ریجنل اور اسسٹنٹ ریجنل ڈائرکٹروں کے لیے منعقد کیا جاتا ہے۔ عین الحسن نے اپنے فکر انگیز خطاب میں تعلیم کے پھیلاؤ کے لیے طلبہ سے اور ایک دوسرے کے ساتھ رابطے میں رہنے پر زور دیا۔ انہوں نے شرکاء کو مسائل کے حل کے لیے اظہار خیال اور مباحثہ کا مشورہ دیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ نظامت کے ساتھ ان کے علاقائی اور ذیلی علاقائی مراکز کو مضبوط بنایا جائے گا اور اسے قابل رسائی اور طلبہ دوست بنایا جائے گا۔ ایس ایم رحمت اللہ، پرو وائس چانسلر نے اپنی تقریر میں "نظامت فاصلاتی تعلیم" اور "شعبہ امتحانات" کو کسی بھی یونیورسٹی کی دو اہم اکائیاں قرار دیا اور یونیورسٹی کی ترقی کے لیے ان دونوں کو مضبوط تر بنائے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے مشورہ دیا کہ تعلیم کے معیار پر سمجھوتہ کیے بغیر ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آڈیو ویڈیو لیکچر کو نظامت کے تمام طلبہ کے لیے اضافی ذریعہ کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ پروفیسر رضا اللہ خان، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم نے اپنے افتتاحی کلمات اور خطبہ استقبالیہ میں امید ظاہر کی کہ مانو کے تمام متعلقہ افراد کی مشترکہ کاوشوں کے ذریعہ کووڈ وبا کے پیش نظر درپیش مسائل کو حل کرنے بالخصوص نظامت اور بالعموم تعلیم کے شعبے کو مدد ملے گی۔ نئے طلبہ معاون مراکز (LSE) اور انتظامی یونٹس کے قیام میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے پروفیسر خان نے کہا کہ نظامت کی ویب سائٹ پر حال ہی میں 10 سے زیادہ کتابوں کا الکٹرانک خود اکتسابی مواد (کورس میٹریل) اپ لوڈ کیا گیا ہے۔ پروفیسر گلفشاں حبیب نے شکریہ ادا کیا اور پروفیسر وی وینکیا، مشیر نظامت و سابق وائس چانسلر کرشنا یونیورسٹی کی خصوصی طور پر نظامت کی رہنمائی کے لیے ستائش کی۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی نے کارروائی چلائی۔ اس موقع پر فرحت اللہ بیگ، کنٹرولر امتحانات؛ پروفیسر نجم الحر، کوآرڈینیٹر اسٹاف ٹریننگ اینڈ ریسرچ یونٹ اور ملک بھر سے آئے ہوئے ریجنل اور اسسٹنٹ ریجنل ڈائرکٹرز موجود تھے۔

